سلیس اور اندازِ بیان دلنشین و موثر ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ دسویں جماعت کے نصاب درس میں لازمی طور پر اسے شریک کیا جائے۔ ہر مذہب کے طلبا، وطالبات اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آخر کے باب میں پیشے کے انتخاب سے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے اور اس کے بعد ایک باب میں اشعار کا جو حل بتایا گیا ہے وہ خود ایک مستقل افادیت کے حامل ہیں۔

تاجدارِ دو عالم | مصنفہ عبدالرحمٰن عزام بے تقطیع خورد ضخامت ۲۳۹ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ نفیس اکیڈمی عابد روڈ حیدرآباد دکن۔

عبدالرحمٰن عزام بے کا نام عرب لیگ کے جنرل سکریٹری کی حیثیت سے آج کل اخباروں میں اکثر آتا رہتا ہے۔ موصوف نے کچھ عرصہ ہوا قاہرہ کے ریڈیو اسٹیشن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مبارکہ پر پندرہ تقریریں نشر کی تھیں جو جامع اور مدلل ہونے کے اعتبار سے بہت پسند کی گئی تھیں، بعد میں یہی تقریریں بطل الابطال کے نام سے کتابی شکل میں شائع کردی گئی تھیں۔ فاضل مقرر نے ان خطبات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف صفات و اخلاقی فضائل و کمالات پر بڑی خوبی سے روشنی ڈالی ہے جس سے غیر مسلم سامعین بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے عبارت قلّ ودلّ کا مصداق ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اصل عربی سے اردو میں ترجمہ ہے جو ظہوری وجدانی صاحب نے کیا ہے۔ ترجمہ شگفتہ اور رواں ہے۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اُسے پڑھکر لطف اندوز اور نصیحت پذیر ہوں گے۔

علامہ راشد الخیری | مرتبہ پروفیسر وقار عظیم صاحب ایم اے تقطیع خورد ضخامت ۲۲۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ خاتون کتاب گھر۔ دہلی

مولانا راشد الخیری مرحوم دورِ آخر کے صاحبِ طرز ادیب اور نامور انشاپرواز تھے انھوں نے اگرچہ مختلف مضامین پر قلم اٹھایا اور ایک بڑی حد تک ان سب میں کامیاب ہی رہے لیکن جیسا کہ ان کو "مصورِ غم" کہا جاتا تھا۔ دراصل غم والم کی نقاشی اور مصوری میں وہ اپنا کوئی حریف نہ رکھتے تھے۔ مولانا مرحوم کی انشا اور طرزِ نگارش نے اردو زبان کے اسالیبِ بیان میں ایک بالکل نئے